© rasailojaraid.com


شروع کیا ہے اور ''فتاویٰ مفتی محمود'' کے نام سے ان کی پہلی جلد منظر عام پر آنے کے بعد اہل علم کے استفادہ کا ذریعہ بنی ہوئی ہے۔ اب اس کی دوسری جلد سامنے آئی ہے جو امامت کے احکام ومسائل سے عیدین کے احکام تک کے ابواب پر مشتمل ہے اور ارباب علم وفتویٰ کے لیے گراں قدر تحفہ ہے۔

سوا پانچ سو سے زائد صفحات پر مشتمل اس مجلد کتاب کی قیمت **۲۰۰** روپے ہے اور اسے مذکورہ بالا پتہ سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

## ڈاکٹر مفتی عبد الواحد صاحب کے رسائل

جامعہ مدنیہ کریم پارک لاہور کے دار الافتا کے سربراہ ڈاکٹر مفتی عبد الواحد صاحب مختلف دینی موضوعات کے حوالے سے مفید مضامین تحریر کرتے رہتے ہیں۔ اس وقت ان کے تین رسائل ہمارے پیش نظر ہیں:

☆ **تحفہ خیر خواہی:** اس میں کیپٹن (ر) ڈاکٹر مسعود الدین عثمانی کے افکار وخیالات کا ناقدانہ جائزہ لیا گیا ہے اور ان کے مغالطوں کا جواب دیا گیا ہے۔ صفحات ۵۶

☆ **ڈاکٹر اسرار احمد کے افکار ونظریات:** اس میں تنظیم اسلامی پاکستان کے امیر محترم ڈاکٹر اسرار احمد کے بعض افکار ونظریات پر تنقیدی تبصرہ کیا گیا ہے۔ صفحات ۱۰۶

☆ **تحفہ غامدی:** اس میں محترم جاوید احمد غامدی کے افکار پر تنقیدی نظر ڈالی گئی ہے۔ صفحات ۶۴

یہ رسائل جامعہ مدنیہ کریم پارک، راوی روڈ لاہور کے دار الافتا سے طلب کیے جا سکتے ہیں۔

## مفتی محمد رضوان صاحب کے رسائل

ادارہ غفران چاہ سلطان راول پنڈی کے سربراہ مولانا مفتی محمد رضوان مختلف دینی عنوانات پر مفید عام کتابچے شائع کرتے رہتے ہیں جن میں زیادہ تر رسوم وبدعات اور غلط قسم کی معاشرتی روایات پر تبصرہ ہوتا ہے اور قرآن وسنت کی روشنی میں عوام کی راہ نمائی کی جاتی ہے۔ اس وقت مندرجہ ذیل رسائل ہمارے سامنے ہیں جو مندرجہ بالا پتہ سے حاصل کیے جا سکتے ہیں:

(۱) حج کی غلطیاں (۲) ماہ ربیع الاول کے فضائل واحکام (۳) ماہ ربیع الثانی کے فضائل واحکام (۴) پانی کا بحران اور اس کا حل (۵) زلزلہ اور اس سے حفاظت

## بریگیڈیر (ر) قاری ڈاکٹر فیوض الرحمٰن کی تصانیف

بریگیڈیر (ر) قاری ڈاکٹر فیوض الرحمٰن مستند اور معروف عالم دین ہیں جنہوں نے شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی



© rasailojaraid.com